Halton District School Board

SCHOOLMESSENGER®

# سکول میسنجر، ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کا، طلبا کی غیر حاضری درج کروانے کا نظام ہے

**یہ نظام (سسٹم) درج ذیل کے لئے استعمال ہوتا ہے:**

- طلبا کی غیر حاضری درج کروانے کے لئے
- آپ کے بچہ کے سکول اور ایچ ڈی ایس بی کی جانب سے تمام پیغامات اور/یا فون موصول کرنے کے لئے

تمام خاندانوں کو طلبا کی غیر حاضری آن لائن درج کروانے کے لئے سکول میسنجر پر ضرور رجسٹر کرنا چاہئے اور بچہ کے سکول اور بورڈ سے رابطہ کے لئے اپنا ترجیحی ذریعہ منتخب کر لینا چاہئے۔

## سکول میسنجر پر کیسے رجسٹر کیا جائے

آپ ایچ ڈی ایس بی موبائل ایپ یا سکول میسنجر ویب سائٹ کے ذریعہ، سکول میسنجر کے لئے رجسٹر کر سکتے ہیں۔

### ایچ ڈی ایس بی موبائل ایپ

- ایپ سٹور یا گوگل پلے سے ایچ ڈی ایس بی موبائل ایپ ڈاون لوڈ کریں اور سیٹ اپ مکمل کر لیں
- "میسنجر اینڈ ایبسنسز" کے آئی کان پر کلک کریں۔ آپ کو ایپ سٹور یا گوگل پلے پر سکول میسنجر ایپ ڈاون لوڈ کرنے پر پہنچا دیا جائے گا۔ سکول میسنجر ایپ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ صرف والدین/سرپرست ہی بچوں کی معلومات تک رسائی رکھ سکتے ہیں۔
- سکول میسنجر کے اکاؤنٹ کے لئے سائن اَپ کر لیں۔

### ویب سائٹ

- go.schoolmessenger.ca پر وزِٹ کریں۔
- سکول میسنجر کے اکاؤنٹ کے لئے سائن اَپ کر لیں۔

سکول میسنجر کی رجسٹریشن اور اپنے بچہ کی غیر حاضری درج کروانے میں مدد دینے سے متعلق تربیتی ہدایت نامہ کی ویڈیوز، بورڈ کی ویب سائٹ hdsb.ca پر "SchoolMessenger" تلاش کرنے سے مل سکتی ہیں۔




**مستقبل کی غیر حاضری اور دیر سے آنے کی رپورٹ درج کروانے کے لئے، سکول میسنجر کا نظام ۲۴ گھنٹے، ہفتہ کے سات دن موجود ہے۔**

